بھارت۔مالدیپ سفارتی تعلقات کے قیام کی 60ویں سالگرہ کے موقع پر یادگاری ڈاک ٹکٹوں کا اجراء (جولائی 25، 2025)

جولائی 25، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد مُعیزو نے بھارت۔مالدیپ سفارتی تعلقات کے قیام کی 60ویں سالگرہ کے موقع پر یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری کیے۔

2.دونوں ممالک کے قدیم دو طرفہ تعلقات کی عکاسی کرتے ہوئے یادگاری ڈاک ٹکٹوں پر بھارتی کشتی "اُرّو" (Uru) کی تصویر ہے جو کیرل کے تاریخی بیپور کشتی گاہ میں ہاتھ سے تیار کی جانے والی بڑی لکڑی کی کشتی ہے، اور روایتی مالدیوی ماہی گیری کی کشتی "وَدھو دھونی" کی تصویر ہے. یہ کشتیاں صدیوں سے بحرِ ہند کی تجارت کا حصہ رہی ہیں. روایتی مالدیوی ماہی گیری کی کشتی "وَدھو دھونی" کا استعمال ریف اور ساحلی ماہی گیری کے لیے کیا جاتا ہے. یہ مالدیپ کی مالا مال سمندری وراثت اور جزیرہ نما طرزِ زندگی اور سمندر کے درمیان گہرے تعلقات کی عکاسی کرتی ہے.

3.مالدیپ کی آزادی کے بعد 1965 میں اس کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے والے ممالک میں بھارت سرفہرست تھا. یادگاری ڈاک ٹکٹوں کا اجرا دونوں ممالک کے قریبی اور تاریخی تعلقات کی علامت ہے.

مالے
جولائی 25، 2025